© rasailojaraid.com



کتاب کے آخر میں مراجع و مصادر کی فراہمی نے سیرت پر تحقیقی کام کرنے والوں کے لئے خاصی آسانی پیدا کی ہے۔

مطالعات سیرت کے طالبعلموں کو "ہادیٔ اعظمؐ" کی دوسری جلد کا بڑی شدت کے ساتھ انتظار رہے گا۔ یہ امید کی جاتی ہے کہ اس کتاب سے سیرت فہمی کے لئے نئے گوشے سامنے آئیں گے، اور سیرت شناسوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا، انشااللہ تعالیٰ!

نام کتاب "رواداری۔ سیرت طیبہ کی روشنی میں"

مؤلف: حافظ محمد طاہر محمود اشرفی

ضخامت: ۱۹۸ صفحات

ملنے کا پتہ: عمر پبلی کیشنز، یوسف مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار، لاہور

قیمت: ۱۲۰ روپے

تبصرہ نگار: سید عزیزالرحمٰن

حافظ طاہر محمود اشرفی ممتاز عالمِ دین، مذہبی رہنما اور صاحبِ قلم ہیں، اور آج کل پنجاب حکومت کے مشیر برائے مذہبی امور ہیں، ملک میں مذہبی ہم آہنگی اور مسلکی اور فرقہ ورانہ رواداری کے سلسلے میں ان کی خدمات کا ہر سطح پر اعترف کیا گیا ہے، صاحبِ کتاب کے تعارف میں محترم جناب ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری "کچھ مصنف کے بارے میں" عنوان کے تحت تحریر کرتے ہیں!

"جب وطنِ عزیز میں مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر خدائے رحمان اور رحیم کے سامنے جھکنے والوں کو اسلام ہی کا نام لے کر قتل کیا جارہا تھا، اس نازک وقت میں ملک کے تمام مکاتبِ فکر کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کر کے ان کے درمیان امن و رواداری اور دوستی کا معاہدہ کروانا اور پھر ملی یکجہتی کونسل کے قیام میں ان کا بنیادی کردار کسی سے مخفی و پوشیدہ نہیں"۔

اس وقت حافظ طاہر محمود اشرفی کی تالیف "روداری سیرتِ طیبہ کی روشنی میں" زیرِ نظر ہے، یہ کتاب درجِ ذیل عنوانات پر مشتمل ہے: نبی کریم ﷺ بحیثیت داعی امن و سلامتی، ۲۔ امن و اخوت کی دعوت، ۳۔ رواداری اور حقوق انسانی کے علمبردار، ۴۔ اشاعتِ اسلام،

© rasailojaraid.com